# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 13 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳؍مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ دہشت گردی کے خلاف مستقبل میں بھی کارروائی جاری رہے گی: وزیرِ اعظم نریندر مودی کا انتہاء پسندوں کو انتباہ۔

☆ بھارت جوہری ہتھیاروں کی دھمکیوں سے نہیں ڈرتا؛ دہشت گردی اور مذاکرات ایک ساتھ نہیں چل سکتے: ہندوستانی مؤقف کی وزیرِ اعظم کی جانب سے وضاحت۔

☆ بھارتی فوج کی تمام مشینری اور ساز وسامان بہترین حالت میں؛ ضرورت پڑنے پر کارروائی کیلئے مکمل طور پر تیاری کا فوجی ذرائع کا دعویٰ۔

☆ ریاستی ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے دسویں کے امتحانات کا نتیجہ آج۔

اور۔۔۔☆ کھیلو انڈیا یوتھ گیمز میں 87 تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر کی پہلی پوزیشن برقرار۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دہشت پسندی کے خلاف کارروائی بھارت نے صرف ملتوی کی ہے اور آئندہ بھی دہشت پسندی پر وار کیے جاتے رہیں گے۔ آپریشن سندور کے تحت بھارت کی جانب سے کی گئی کارروائی سے متعلق وہ کل قوم سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ پاکستان نے حملہ نہ کرنے کی یقین دہانی کرواتے ہوئے مسلح کارروائی روکنے کی درخواست کی، جس کے بعد ہی بھارت نے فی الحال کارروائی ملتوی کی۔ وزیرِاعظم نے کہا:

**Byte: PM NARENDRA MODI**

وزیرِاعظم نے واضح طور پر کہا کہ جوہری ہتھیاروں کی دھمکی دیکر کوئی بھی بھارت پر دباؤ نہیں ڈال سکتا۔ انتہاء پسند اور انتہاء پسندوں کی حمایت کرنے والی حکومت ہمارے لیے یکساں ہے۔ دہشت گردی اور مذاکرات ایک ساتھ نہیں چل سکتے اور خون اور پانی ایک ساتھ نہیں بہہ سکتا۔ پوری دنیا کے سامنے اپنے مؤقف کی وضاحت کرتے ہوئے وزیرِاعظم نے کہا:

**Byte: PM NARENDRA MODI**

آپریشن سندور کی کامیابی پر وزیرِ اعظم نے ہندوستانی افواج اور دفاعی تحقیقی شعبے میں کام کرنے والے دفاعی ماہرین کو مبارکباد پیش کی اور اس کامیابی کو ماؤں بہنوں کے نام کر دیا۔

***** ***** *****

ہندوستانی افواج کی تمام مشینری اور دفاعی ساز وسامان بہترین حالت میں ہے اور ضرورت پڑنے پر آئندہ کارروائی کیلئے بھی مکمل تیار ہے۔ کل دوپہر تینوں افواج کی جانب سے کی گئی مشترکہ اخباری کانفرنس میں برّی فوج کے DGMO راجیش گھئی، ایئر مارشل اے کے بھارتی اور وائس ایڈمرل اے این پرمود نے یہ اطلاع دی۔ ایئر مارشل بھارتی نے کہا کہ بھارت نے پاکستان میں صرف انتہاء پسندوں کے اڈوں پر حملہ کیا تھا۔ تاہم دہشت گردوں کے خلاف لڑائی کو پاکستان نے اپنے اوپر لے لیا۔ اس لیے اس کارروائی میں پاکستان کا جو کچھ بھی نقصان ہوا اس کیلئے خود پاکستان ہی ذمہ دار ہے۔

**Byte: Air Marshal A.K. Bharti**

دریں اثناء بھارت اور پاکستان بین الاقوامی سرحد اور جموں وکشمیر میں لائن آف کنٹرول پر پرسوں شب سے امن ہونے کی بات فوجی ذرائع نے کہی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت مسلح افواج کے ساتھ مزید ہم آہنگی کے ساتھ کام کرے گی۔ وہ کل ممبئی میں ایک دفاعی اجلاس سے خطاب کرر ہے تھے۔ نائب وزرائے اعلیٰ ایکناتھ شندے اور اجیت پوار سمیت متعلقہ افسران اس اجلاس میں شریک تھے۔

اسی دوران وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یہ بھی اعلان کیا کہ ریاست میں امدادِ باہمی قوانین میں وقت کے تقاضوں کے ساتھ ترامیم کی جائیگی۔ وہ کل ممبئی میں ایک سیمینار سے مخاطب تھے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کی جانب سے مارچ 2025 میں لیے گئے جماعتِ دہم کے امتحانات کا نتیجہ آج دوپہر ایک بجے ظاہر کیا جائے گا۔ یہ اطلاع بورڈ کی جانب سے جاری کردہ سرکاری اعلامیے میں دی گئی۔ طلبہ مضامین کے نشانات بورڈ کی سرکاری ویب سائٹ پر دیکھ سکیں گے۔

***** ***** *****

ریاست میں غیر موسمی بارش اور ژالہ باری سے متاثرہ علاقوں میں ضلع کلکٹرز کو فوری طور پر پنچنامے کرنے کی ہدایت وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے دی ہے۔ نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر طیران گاہ پر اخباری نمائندوں کو یہ اطلاع دی۔ انھوں نے کہا کہ ان پنچناموں کے بعد متاثرہ کسانوں کو راحت ملے گی۔

***** ***** *****

کرشنا مراٹھواڑہ آبپاشی منصوبے کے تحت دسمبر 2025 تک ضلع دھاراشیو کے تلجاپور تعلقے کے رامدارا تالاب میں پہنچے گا۔ یہ اطلاع تلجاپور کے رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے دی۔ کل موہول تعلقے کے بھوٹرے پمپ ہاؤس کا معائنہ کرنے کے بعد وہ نامہ نگاروں سے گفتگو کرر ہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ آئندہ موسمِ برسات میں اس کام کی عملی آزمائش ممکن ہوسکے گی اور اس کام کی رفتار کو بڑھانے کی بھی کوشش کی جائیگی۔

***** ***** *****

کھیلو انڈیا یوتھ گیمز میں 87 تمغے حاصل کرکے مہاراشٹر تمغوں کی فہرست میں اپنی پہلی پوزیشن برقرار رکھے ہوئے ہے۔ ان میں 36 طلائی‘ 26 نقرئی اور 25 کانسے کے تمغے شامل ہیں۔ ان مقابلوں میں تلوار بازی میں چھترپتی سمبھاجی نگر کے سائی پرساد جنگوڑے نے طلائی تمغہ جیتا، جبکہ فائل انفرادی زمرے میں روہن شاہ نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ ان کھیلوں میں کرناٹک 44 اور راجستھان 30 تمغوں کے ساتھ بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہے۔

***** ***** *****

انڈین پریمیر لیگ (IPL) کے مقابلے آئندہ 17 تاریخ سے دوبارہ شروع ہوں گے۔ آپریشن سندور کے باعث 9 تاریخ کو آئی پی ایل ملتوی کردیا گیا تھا۔ 17 مئی کو بنگلورو میں رائل چیلنجرز بنگلورو اور کولکتہ نائٹ رائیڈرس کے مابین میچ کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

لاتور میں بجلی تقسیم کار کمپنی مہاوترن کی جانب سے جدید ٹی او ڈی میٹر نصب کیے جارہے ہیں، جس سے بجلی کے استعمال کی تفصیلات ہر گھنٹے مل سکے گی۔ ان جدید طرز کے میٹرز کے باعث صارفین کی جانب سے بجلی کے استعمال نیز بجلی کے بلوں پر بھی کنٹرول رہے گا۔

***** ***** *****

دھاراشیو کے رکنِ پارلیمان اوم پرکاش راجے نمبالکر نے اٹل امرت یوجنا کے کاموں اور دھاراشیو' تلجاپور' شولاپور نئی ریلوے لائن کے کام کا کل جائزہ لیا۔اس ریلوے لائن کا کام دسمبر 2027 تک مکمل کرلیا جائے گا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ میں کل بیڑ، جالنہ، لاتور اور چھترپتی سمبھاجی نگر اضلاع میں غیر موسمی بارش ہوئی۔ جالنہ تعلقے کے بھاٹے پوری میں ایک نوجوان کسان پر بجلی گرنے سے وہ ہلاک ہوگیا۔

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت 41 اعشاریہ تین ڈگری سیلسیئس درجۂ حرارت اکولہ میں ریکارڈ کیا گیا۔ مراٹھواڑہ میں چھترپتی سمبھاجی نگر میں 36 اعشاریہ چھ، دھاراشیو میں 38 ' بیڑ 39 ' اور پربھنی و ناندیڑ میں درجۂ حرارت 40 ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ دہشت گردی کے خلاف مستقبل میں بھی کارروائی جاری رہے گی: وزیرِ اعظم نریندر مودی کا انتہاء پسندوں کو انتباہ۔

☆ بھارت جوہری ہتھیاروں کی دھمکیوں سے نہیں ڈرتا؛ دہشت گردی اور مذاکرات ایک ساتھ نہیں چل سکتے: ہندوستانی مؤقف کی وزیرِ اعظم کی جانب سے وضاحت۔

☆ بھارتی فوج کی تمام مشینری اور ساز و سامان بہترین حالت میں؛ ضرورت پڑنے پر کارروائی کیلئے مکمل طور پر تیاری کا فوجی ذرائع کا دعویٰ۔

☆ ریاستی ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے دسویں کے امتحانات کا نتیجہ آج۔

اور۔۔۔☆ کھیلو انڈیا یوتھ گیمز میں 87 تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر کی پہلی پوزیشن برقرار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****